यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

**Sl.No.:**

**नामांक** **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 20

No. of Printed Pages - 7

**SS-22-Urdu Sah.**

# SENIOR SECONDARY EXAMINATION - 2025
# URDU SAHITYA

Time : 3 : 15 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں ، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے :

(i) افسانہ ''لمحے ''میں ذکر کردہ حسین عورت کے کتنے بچے تھے؟ **[1]**

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

(ii) 1937ء میں ''ترقی پسند مصنفین ،کانفرنس کہاں منعقد ہوئی تھی؟ **[1]**

(A) آگرہ (B) امرتسر

(C) دہلی (D) لکھنؤ

(iii) 'سکھ مدرسے' میں پڑھنے والی لڑکی کا نام تھا: **[1]**

(A) پیاری (B) دلاری

(C) لالی (D) کالی

(iv) ادیبوں کا مہاتما گاندھی کسے کہا گیا ہے **[1]**

(A) سردارؔ جعفری (B) کرشن چندر

(C) فراقؔ گورکھپوری (D) ڈاکٹر عبدالعلیم

(v) خواجہ حسن نظامی کے انشائیہ کا نام ہے: **[1]**

(A) مکھّی (B) مچھر

(C) تتلی (D) مکڑی

(vi) بکرماجیت ورمانے جو کلام سنایا اس کا تعلق کس صنف سے ہے؟ **[1]**

(A) نظم (B) غزل

(C) گیت (D) مثنوی

(vii) معین احسن جذبیؔ کے کتنے شعری مجموعے شائع ہوئے؟ **[1]**

(A) تین (B) چار

(C) پانچ (D) چھ

(viii) آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے [1]

اس مصرعے میں صدا کے معنی ہیں:

(A) صدی (B) سادہ

(C) ہمیشہ (D) آواز

(ix) یہ شب، یہ خیال و خواب تیرے [1]

کیا پھول کھلے ہیں، منھ اندھیرے

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) آرزؔو لکھنوی (B) ناصؔر کاظمی

(C) معین احسن جذبؔی (D) جاں نثار اخؔتر

(x) آپ کے نصاب میں شامل کون سی نظم تھامس گرے کی انگریزی نظم کا اُردو ترجمہ ہے؟ [1]

(A) گورِ غریباں (B) ارتقا

(C) زندگی سے ڈرتے ہو؟ (D) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

(xi) جمیؔل مظہری کی شعری کتاب ہے: [1]

(A) جہانِ آرزو (B) سخنِ مختصر

(C) بالِ جبریل (D) عرفانِ جمیل

(xii) ن ۔ م ۔ راشؔد کا پورا نام ہے: [1]

(A) نظیر محمد راشؔد (B) نذر محمود راشؔد

(C) نور محمد راشؔد (D) نواز محمد راشؔد

(xiii) سبق ''جنم دن'' میں مصنف کو دو پہر کے کھانے کی دعوت کس نے دی؟ [1]

(A) حامد (B) ماجد

(C) صابر (D) شاکر

(xiv) سبق ''جلتی جھاڑی'' میں بچے کیا جلا رہے تھے؟ [1]

(A) لکڑی (B) کپڑے

(C) کاغذ (D) پیڑ کے پتے

(xv) ویکوم محمد بشیر کی پہلی اہم تخلیق ہے: **[1]**

(A) جوانی کے ساتھی (B) بچپن کی ساتھی

(C) میرے دوست (D) میرے اُستاد

(xvi) ''جلتی جھاڑی'' کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ **[1]**

(A) روسی (B) انگریزی

(C) ہندی (D) ملیالم

(xvii) کون سی نثری صنف شخصی اظہار کی ایک شکل ہے؟ **[1]**

(A) مکتوب نگاری (B) افسانہ نگاری

(C) ناول نگاری (D) ڈرامانگاری

(xviii) اُردو کی سب سے مقبول شعری صنفِ سخن ہے: **[1]**

(A) مثنوی (B) رباعی

(C) نظم (D) غزل

**2.** مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجیے:۔

(i) اسی وقت میں نے یہ ________ لکھ کر ڈاک کے ہرکارے کو دیا۔ **[1]**

(ii) بس اسٹینڈ پر پہنچ کر دیکھا کہ کناٹ پلیس جانے کے لیے ________ تیار کھڑی ہے۔ **[1]**

(iii) کسان کانفرنس جلیانوالہ باغ میں تھی، جہاں پر ہزاروں پنجابی ________ اکھٹے ہوئے تھے۔ **[1]**

(iv) لو جو لگائے شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے ______ بھی۔ **[1]**

(v) جب لگیں زخم تو ______ کو دعا دی جائے۔ **[1]**

(vi) آدمی تو تم بھی ہو، ______ تو ہم بھی ہیں! **[1]**

3. مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے :

(i) آپ کے نصاب میں شامل غالبؔ کا خط کس کو لکھا گیا ہے؟ [1]

(ii) ’خوجی‘ رتن ناتھ سرشارؔ کے کس ناول کا مشہور کردار ہے؟ [1]

(iii) احتشام حسین کلیم الدین احمد کی کون سی تنقیدی کتاب پڑھتے رہتے تھے؟ [1]

(iv) شعری مجموعے ’’سریلی بانسری‘‘ کی کیا خصوصیت ہے؟ [1]

(v) کہن سال دہقاں کا ذکر کس نظم میں آیا ہے؟ [1]

(vi) ن ۔ م ۔راشدؔ کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ [1]

(vii) سبق ’’کلرک کی موت‘‘ میں کلرک کا نام کیا تھا؟ [1]

(viii) ویکوم محمد بشیر کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

(ix) ’’کوّے اور کالا پانی‘‘ کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟ [1]

(x) نرمل ورما کب پیدا ہوئے؟ [1]

(xi) کسی ایک مختصر افسانہ نگار کا نام لکھیے ۔ [1]

(xii) آپ کے نصاب میں شامل مکتوب نگار کا نام لکھیے ۔ [1]

## حصہ (ب) **(SECTION-B)**

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے :۔

4. ’’مفصّل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں‘‘ غالبؔ نے یہ بات کیوں لکھی ہے؟ [2]

5. اختر الایمان کسی ایک طرح کی تعلیم پر کیوں نہ جم سکے؟ [2]

6. سبق ’’غالبؔ جدید شعرا کی ایک مجلس میں‘‘ میں غالبؔ نے پہلا شعر کون سا سنایا؟ [2]

7. احمد جمال پاشا نے کلیم الدین احمد کی تنقیدی اہمیت کے بارے میں کیا لکھا ہے؟ [2]

8. جذبیؔ کے مطابق دردمندوں کی راہ گزر کون سی ہے؟ [2]

9. راستے میں ڈیرے جما لینے سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟ [2]

10. روحِ ارضی آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے؟ [2]

11. جمیلؔ مظہری نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟ [2]

12. سبق ’’کلرک کی موت‘‘ میں کلرک کی موت کا سبب کیا تھا؟ [2]

13. غیر مردّف غزل کسے کہتے ہیں؟ [2]

## (SECTION-C) (ج) حصّہ

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے:۔

**14.** مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔ **[3]**

گیسٹ ہاؤس میں مسافروں کی آوک جاوک جاری ہے۔فوٹو گرافر کے کیمرے کی آنکھ یہ سب دیکھتی ہے اور خاموش رہتی ہے۔ایک روز شام پڑے ایک نوجوان اور ایک لڑکی گیسٹ ہاؤس میں آن کراترے۔یہ دونوں، انداز سے ماہِ عسل منانے والے معلوم نہیں ہوتے تھے لیکن بے حد مسرور اور سنجیدہ سے، وہ اپنا سامان اٹھائے اوپر چلے گئے۔اوپر کی منزل بالکل خالی پڑی تھی۔زینے کے برابر میں ڈائننگ ہال تھا اور اس کے بعد تین بیڈروم۔

یا

دوپہر کو پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔حسین ساگر میں جو کلب ہے وہاں دعوت بھی تھی۔ادیبوں کو کشتیوں میں سوار کرکے کلب میں پہنچایا گیا۔درحالیکہ ایک راستہ خشکی سے بھی جاتا تھا۔غالباً موٹر بوٹ کی نمائش مقصود تھی۔ کلب کی عمارت جھیل میں تعمیر کی گئی ہے۔کوئی پچاس کے قریب ملازم ہوں گے۔آٹھ کورس کا کھانا۔اس دعوت پر اتنا صرف کیا گیا تھا کہ غالباً پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہوگی۔

**15.** سبق ’’سکون کی نیند‘‘ کا خلاصہ لکھیے۔ **[3]**

یا

سبق ’’زرد پتّوں کی بہار‘‘ کا خلاصہ لکھیے۔

**16.** مندرجہ ذیل جزو کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: **[3]**

ہر حال میں مشیّت مُجھ کو بنا رہی ہے — میں اُس کی قدرتوں کا شہکار بن رہا ہوں
خود اپنی جنتوں کی تخلیق کر رہا ہوں — خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) اول شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی پروانہ بھی — رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

(ii) ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا — کیا بُرا ہے جو یہ افواہ اڑا دی جائے

**17.** نظم ’’گورِ غریباں‘‘ کا خلاصہ لکھیے۔ **[3]**

یا

نظم ’’زندگی سے ڈرتے ہو‘‘؟ کا خلاصہ لکھیے۔

## (SECTION-D)حصّہ (د)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے:

**18.** احتشام حُسین کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ **[4]**

یا

خواجہ حسن نظامی کی سوانح حیات اور طرز تحریر پر روشنی ڈالیے۔

**19.** الطاف حُسین حآلی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالے۔ **[4]**

یا

اقبآل کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

**20.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:۔ **[4]**

(i) بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ

(ii) جدید تعلیم کی اہمیت

(iii) میرے اسکول کا سالانہ جلسہ

✔ ✔ ✔ ✔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE